© rasailojaraid.com



☆ سوال: بعض علما کہتے ہیں کہ جماع کر کے رمضان کا روزہ توڑنے کی صورت میں کفارہ واجب ہے لیکن رمضان کے روزہ کے دوران دانستہ کھا پی لینے سے قضا ہی واجب ہے، کفارہ کا ذکر اس صورت میں حدیث میں نہیں ملتا، کیا یہ درست ہے؟

جواب: اس مسئلہ میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ جمہور کا مسلک یہ ہے کہ روزہ کی حالت میں دانستہ کھانے پینے سے کفارہ نہیں، صرف قضا لازم ہوگی، نیل الاوطار میں ہے :

وقالوا لا كفارة إلا في الجماع "جماع کے علاوہ کسی صورت میں بھی کفارہ نہیں۔"

☆ سوال: ہمارے ایک دوست جب فصل (گندم رمونجی) اٹھاتے ہیں تو اسی وقت آڑھتی کو وزن کر کے دے دیتے ہیں لیکن قیمت اس وقت وصول کرتے ہیں جب سیزن میں سب سے زیادہ بھاؤ سے جنس فروخت ہو۔ ایسا کرنا شرعاً کیسا ہے؟

جواب: جنس کا بھاؤ پہلے مقرر ہونا چاہئے ، بعد والے ریٹ پر چھوڑنا درست نہیں۔

☆ سوال: سفر کے دروان رہ جانے والی نماز اگر گھر میں آکر پڑھی جائے تو پوری پڑھی جائے یا قصر ہی پڑھنا ہوگی؟ (عبدالستار، ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول، گوجرانوالہ)

جواب: سفر میں فوت شدہ نماز بحالتِ اقامت پوری پڑھنی چاہیے، کیونکہ راجح مسلک کے مطابق سفر میں قصر کرنا صرف افضل ہے، واجب نہیں۔

☆ سوال: آدمی پر جنابت یا احتلام کے باعث غسل فرض ہو گیا لیکن اس کے گھر میں پانی نہیں۔ جبکہ فجر کا وقت ہو چکا ہے۔ آیا وہ وضو کر کے نماز باجماعت ادا کرے یا تیمّم کر کے نماز اَدا کرے؟

جواب: ایسی حالت میں پہلے پانی تلاش کرنا چاہئے اور اگر پانی نہ مل سکے اور نماز کے وقت کے فوت ہونے کا ڈر ہو یا خوف کی وجہ سے پانی تک پہنچنے کی قدرت نہ ہو تو ایسی صورت میں تیمّم کر کے نماز پڑھی جا سکتی ہے، ورنہ نہیں۔ صحیح بخاری میں ایک باب کا عنوان یوں ہے :

باب التيمم في الحضر إذا لم يجد الماء وخاف فوت الصلاة وبه قال عطاء

''مقیم ہونے کی حالت میں جب آدمی کو پانی نہ ملے اور نماز فوت ہونے کا ڈر ہو تو تیمّم کا بیان''

☆ سوال: مذی نکلنے پر وضو فرض ہو جاتا ہے جن کپڑوں پر یہ قطرے گرے ہوں، انہیں تبدیل کیا جائے یا بغیر دھوئے صرف پانی کے چھینٹوں پر اکتفا کیا جائے؟

جواب: اس مسئلہ میں اہل علم کا اختلاف ہے۔ امام شافعیؒ اور امام اسحٰق بن راہویہؒ کپڑے دھونے کے قائل ہیں اور بعض علما مثلاً امام احمد وغیرہ کہتے ہیں کہ صرف چھینٹے مارنا ہی کافی ہے۔ امام شوکانیؒ نے نیل الاوطار میں اس بات کو ترجیح دی ہے کہ صرف چھینٹے لگانا کافی ہے۔ کپڑا دھونے کی ضرورت نہیں۔

(عون المعبود: ۱/۸۵)

☆ سوال: مسواک کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟ اس کا سائز، پکڑنے کا طریقہ اور دانتوں میں

www.KitaboSunnat.com